© rasailojaraid.com



# حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ھے

● **نام کتاب: ’’قرآن مجید ایک تعارف‘‘ مؤلف: مولانا ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ**

**ناشر: زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز اے۔۴/۱۷ ناظم آباد ۴ کراچی ضخامت: ۱۲۰ صفحات، قیمت: ۱۰۰ روپے**

اللہ تعالیٰ نے اپنے احکام و فرامین کو اپنی مخلوق تک پہنچانے کے لیے انبیاء ورُسل علیہم السلام کا سلسلہ شروع کیا جو ہمارے نبی سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر آ کر اختتام پذیر ہوا۔ ہر نبی کی صداقت کے لیے اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو ایک کسی کو ایک سے زیادہ معجزات عطا فرمائے مگر جیسے ہر نبی کی نبوت ایک وقت تک تھی اسی طرح اس کو عطا کردہ معجزہ بھی اس کی نبوت تک تھا، ہمارے نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت ہمیشہ تک ہے تو آپ کو معجزہ بھی ابدی عطا ہوا اور وہ ہے قرآن مجید جو ۱۱۴ سورتوں میں موجود ہے۔ قرآن مجید کے تعارف پر ۱۱۶ صفحات پر مشتمل مختصر کتابچہ ہمارے ملک کے نامور عالمِ دین مولانا محمود احمد غازی مرحوم کے قلم سے تالیف شدہ زوار اکیڈمی نے کراچی سے شائع کیا ہے۔ اس میں قرآن مجید کے ناموں کی معنویت، قرآن کریم کا موضوع، نزول وحفاظت قرآن، قرآن مجید کی ترتیب جیسے اہم عنوانات پر خوبصورت مگر دلچسپ سیر حاصل گفتگو پڑھے لکھے ہر فرد کے لیے یکساں مفید ہے۔

● **نام کتاب: قرآن کیا کہتا ہے مؤلف: مولانا سید عزیز الرحمٰن**

**ناشر: زوار کیڈمی پبلی کیشنز اے۔۴/۱۷ ناظم آباد نمبر ۴ کراچی**

انسان کیا ہے؟ کہاں سے آیا ہے؟ دنیا میں آنے کا مقصد کیا ہے اور اس نے آخر کہاں جانا ہے کے عظیم عنوان پر محترم مولانا سید عزیز الرحمٰن کی ایک یادگار تقریر جس کو ’’قرآن کیا کہتا ہے‘‘ کے عنوان سے ۳۲ صفحات کے ایک کتابچہ کی شکل میں زوار اکیڈمی پبلی کیشنز کراچی نے شائع کیا ہے۔ پڑھنے کے لائق خوبصورت معلوماتی مضمون ہے۔

● **نام کتاب: مقصد بعثت اور رسومات میلاد تحقیق وتخریج: مولانا عبدالحق خان بشیر مدظلہٗ**

**ملنے کا پتہ: مکتبہ امام اہل سنت، دفتر ماہنامہ الشریعہ، مرکزی جامع مسجد شیرانوالہ باغ گوجرانوالہ**

**ضخامت: ۸۴ صفحات قیمت درج نہیں**

چراغ سے چراغ جلتا جائے تو روشنی در روشنی ہوتی جاتی ہے۔ پاکستان کے نامور محقق حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ ایک ایسے متبحر عالم دین تھے جن سے ہزاروں لوگوں نے فیض حاصل کیا۔ ان کے فیض کی روشنی سے لوگ بینا ہو گئے۔ اوروں کو بینا کرنے لگے۔ مولانا عبدالحق خان بشیر مدظلہٗ (امام اہلِ سنت کے بیٹے ہیں تو فیض یافتہ بھی انہیں سے ہیں) سے ان کے بیٹے مولوی عبدالرحمٰن خان انس نعمان سلمہ نے کچھ سوالات کیے جن کے جوابات مولانا مدظلہٗ نے ارشاد فرمائے۔ ہر جواب اپنی جگہ تحقیقی چشم کشا جن کو کئی فصلوں میں مثلاً مقصد تحقیق کائنات، مقامِ بشریت، خلافتِ الٰہیہ، حقیقت نبوت، بشریت وعصمت انبیاء اور ولادتِ



© rasailojaraid.com